سوال

(73) روزے کی حالت میں برش کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

روزے کی حالت میں برش کے ساتھ ٹوتھ پسٹ کے استعمال کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

کیا جلد کو نرم رکھنے والے لوشنوں کا استعمال روزے کے لئے نقصان دہ ہے جب کہ یہ لوشن ایسی قسم کے ہوں جو جلد تک پانی کا اثر نہ پہنچنے دیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزے کی حالت میں ٹوتھ پسٹ برش کے ذریعے استعمال میں کوئی حرج نہیں مگر اس پسٹ کو پیٹ میں داخل ہونے سے روکنا ضروری ہے اور اس عمل کو مسواک کے استعمال پر قیاس کیا جائے گا کیونکہ وہ دانتوں اور منہ کی ناگوار بو سے صفائی کے لئے مستحب ہے۔

روزے کی حالت میں ایسے لوشنوں اور تیلوں کے استعمال میں کوئی حرج نہیں کیوں کہ وہ صرف جلد کے بیرونی حصے پر ہی اثر انداز ہوتے ہیں اور جسم کے اندر نفوذ نہیں کرتے تاہم اگر ہو کسی قدر مسامات کے اندر داخل بھی ہو جائیں تو بھی روزہ کو توڑنے والے شمار نہ کیے جائیں گے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 130

محدث فتویٰ